**حکم از کمشنر برائے صحت و ذہنی حفظان صحت**
**کہ کام کرنے کی جگہ پر COVID-19 کی ویکسینیشن درکار کی جائے**

**جبکہ،** 12 مارچ، 2020 کو میئر Bill de Blasio نے ایمرجنسی ایگزیکٹیو آرڈر نمبر۔ 98 جاری کیا جس کے تحت سٹی کے رہائشیوں کی صحت اور فلاح و بہبود کو COVID-19 سے لاحق خطرے سے نمٹنے کے لیے سٹی میں ہنگامی حالت کے نفاذ کا اعلان کیا گیا، اور یہ اعلان تاحال نافذ العمل ہے؛ اور

**جبکہ،** 25 مارچ، 2020 کو نیو یارک سٹی کے کمشنر برائے صحت و ذہنی حفظان صحت نے سٹی کے رہائشیوں کی صحت اور فلاح و بہبود کو COVID-19 سے لاحق خطرے سے نمٹنے کے لیے سٹی میں صحتِ عامہ کی ہنگامی حالت کی موجودگی کا اعلان کیا، اور یہ اعلامیہ اور صحتِ عامہ کی ہنگامی صورتحال تاحال نافذ العمل ہیں؛ اور

**جبکہ،** COVID-19 کے وائرس کا پھیلاؤ اور شکل تبدیل کرنا جاری ہے، اور 26 نومبر، 2021 کو، عالمی ادارۂ صحت (World Health Organization,"WHO") نے COVID-19 کی نئے ویرینٹ کا اعلان کیا جس کا نام اومیکرون (Omicron) ہے، یہ ویرینٹ باعثِ تشویش ہے اور ابتدائی شواہد امریکہ سمیت دنیا بھر میں ری انفیکشن اور پھیلاؤ کے بڑھے ہوئے خطرے کی نشاندہی کر رہے ہیں؛ اور

**جبکہ،** 26 نومبر 2021 کو، گورنر نیو یارک اسٹیٹ Kathy Hochul نے ریاست بھر میں COVID-19 کی پیدا کردہ صورتحال کے باعث سامنے آنے والے نئے خطرات سے نمٹنے کے لیے ایگزیکٹیو آرڈر نمبر۔ 11 جاری کیا، اس چیز کے علم میں آنے کے بعد کہ نیو یارک کو COVID-19 کی منتقلی کی جن شرحوں کا سامنا ہے وہ اسٹیٹ میں اپریل 2020 کے بعد نہیں دیکھی گئیں اور یہ کہ COVID-19 کے باعث ہسپتالوں میں نئے داخلوں کی تعداد گزشتہ ماہ میں بڑھتے ہوئے روزانہ 300 داخلے سے زائد تک پہنچ گئی ہے؛ اور

**جبکہ،** COVID-19 اس وقت پھیلتا ہے جب کوئی متاثرہ فرد وائرس کو سانس کے ساتھ خارج کرتا ہے اور ان کو دوسرے افراد سانس میں کھینچ لیتے ہیں یا یہ ان کی آنکھوں، ناکوں یا منہ میں پہنچ جاتے ہیں، ایسے میں متاثرہ فرد سے 6 فٹ سے کم فاصلے پر موجود افراد کے بیمار پڑنے کا امکان سب سے زیادہ ہوتا ہے، جس سے کام کرنے کی جگہوں پر کم فاصلے اور مشترکہ کام کی جگہ اور دیگر مشترکہ سہولتوں جیسے بیت الخلاء، لِفٹس، لابیز، میٹنگز اور وقفے کے دوران استعمال کیے جانے والے کمروں، اور دیگر مشترکہ جگہوں کے باعث COVID-19 کی منتقلی کا خطرہ بڑھ جاتا ہے؛ اور

**جبکہ،** عالمی ادارۂ صحت اور امریکہ کے مراکز برائے امراض پر کنٹرول اور روک تھام ( Centers for Disease Control and Prevention, CDC) کی ہدایت ہے کہ تمام افراد خود کو لاحق COVID-19 ، بالخصوص ڈیلٹا اور اومیکرون ویرینٹس، کے خطرے کو کم کرنے کی تدابیر پر عمل کریں، بشمول ویکسینیشن جو کہ COVID-19 کے پھیلاؤ سے بچنے کا ایک مؤثر ٹول ہے اور ویکسین لگوانے والوں اور جو ان کے رابطے میں آتے ہیں دونوں کے لیے فائدہ مند ہے، بشمول ان افراد کے جو عمر، صحت یا دیگر کیفیات کے باعث خود ویکسین نہیں لگوا سکتے؛ اور

جبکہ، Yale یونیورسٹی کے ایک مطالعے سے ظاہر ہوا کہ ایک اندازے کے مطابق ویکسینیشن کے آغاز سے لے کر 1 جولائی، 2021 تک، سٹی کی ویکسینیشن مہم نے COVID-19 کے تقریبا 250,000 کیسوں، COVID-19 انفیکشن سے ہسپتالوں میں 44,000 داخلوں اور 8,300 اموات کو روکا ہے، اور سٹی کا ماننا ہے کہ اس کے بعد سے روکے گئے کیسوں، ہسپتال میں داخلوں اور اموات کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے؛ اور یہ کہ 1 جنوری، 2021 اور 15 جون، 2021 کے درمیان، COVID-19 انفیکشن سے ہسپتال میں داخلوں اور اموات میں سے 98٪ سے زیادہ کیس ان لوگوں کے تھے جو مکمل ویکسین یافتہ نہیں تھے؛

**جبکہ**، ویکسینیشن کا ایسا نظام جو کہ مالکان سے درکار کرتا ہو کہ وہ اپنے ملازمین کے لیے ویکسینیشن کی پالیسیاں لاگو کریں ممکنہ طور پر زندگیاں بچائے گا، صحتِ عامہ کا تحفظ کرے گا اور عوام کے تحفظ کو فروغ دے گا؛ اور

**جبکہ**، 9 ستمبر، 2021 کو، صدر Biden نے ایک ایگزیکٹیو آرڈر جاری کیا جس میں کہا گیا تھا کہ "لازمی ہے کہ وفاق کے ملازمین اپنی حفاظت کرنے اور اپنے رفقائے کار اور عوام الناس میں COVID-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے تمام دستیاب اقدامات کریں،" اور وفاق کی ہر ایجنسی کو حکم دیا گیا تھا کہ وہ "جس حد تک متعلقہ قانون کے مطابق ہو، ایک ایسا پروگرام نافذ العمل کریں جو ان کے تمام وفاقی ملازمین کے لیے ویکسینیشن کو درکار کرتا ہو، جس سے استثناء صرف قانون تقاضے کے تحت ہو"، اور

**جبکہ**، 16 اگست، 2021 کو، میئر Bill de Blasio نے ایمرجنسی ایگزیکٹیو آرڈر نمبر۔ 225 " Key to NYC" پر دستخط کیے، جو چار دیواری کے اندر تفریح، طعام اور تندرستی کی خدمات فراہم کرنے والے اداروں کے ملازمین کے ساتھ ساتھ سرپرستوں سے کسی منظور شدہ COVID-19 ویکسین کی کم از کم ایک خوراک کا ثبوت دکھانا درکار کرتا ہے، اور یہ آرڈر، جو کہ 13 دسمبر، 2021 کو ایمرجنسی ایگزیکٹیو آرڈر نمبر۔ 316 میں دوبارہ جاری کیا گیا، تاحال نافذ العمل ہے؛ اور

**جبکہ**، 24 اگست، 2021 کو، میں نے ایک آرڈر جاری کیا جو محکمہ تعلیم کے ملازمین، ٹھیکیداروں اور آنے والے ملاقاتیوں سے درکار کرتا تھا کہ وہ DOE کی کسی عمارت یا اسکول میں داخل ہونے سے قبل COVID-19 ویکسینیشن کا ثبوت دکھائیں، اور یہ آرڈر 12 اور 15 ستمبر، 2021 کو دوبارہ جاری کیا گیا، اور بعد میں 28 ستمبر، 2021 کو اس میں ترمیم کی گئی، اور ان آرڈرز اور ترمیم کی بورڈ آف ہیلتھ کی جانب سے 17 ستمبر، 2021 اور 18 اکتوبر، 2021 کو تصدیق کی گئی؛ اور

**جبکہ**، 12 ستمبر، 2021 کو میں نے ایک آرڈر جاری کیا کہ ارلی چائلڈ ہڈ پروگراموں یا محکمہ تعلیم یا ڈیپارٹمنٹ آف یوتھ اینڈ کمیونٹی ڈیویلپمنٹ کے ساتھ معاہدے کے تحت خدمات فراہم کرنے والا عملہ COVID-19 ویکسینشن کا ثبوت فراہم کرے، اور اس آرڈر کی بورڈ آف ہیلتھ کی جانب سے 17 ستمبر، 2021 کو تصدیق کی گئی؛ اور

**جبکہ**، 20 اکتوبر، 2021 کو، میں نے ایک آرڈر جاری کیا جو درکار کرتا تھا کہ سٹی کے ملازمین 29 اکتوبر، 2021 تک اپنی ایجنسیوں یا دفاتر کو ویکسینیشن کا ثبوت فراہم کریں یا پھر کام کرنے کی جگہ سے ہٹا دیے جائیں، اور 31 اکتوبر، 2021 کو میں نے ایک ضمنی آڈر جاری کیا، اور 1 نومبر، 2021 کو بورڈ آف ہیلتھ کی جانب سے دونوں آرڈرز کی تصدیق کی گئی؛ اور

**جبکہ**، 17 نومبر، 2021 کو، میں نے ایک آرڈر جاری کیا جس میں وہیں دی گئی تعریف کے مطابق نگہداشت اطفال کے پروگراموں کے عملے کے لیے، اور ارلی انٹروینشن پروگراموں میں COVID-19 کی ویکسینیشنز درکار کی گئی تھیں، اور 19 نومبر 2021 کو بورڈ آف ہیلتھ کی جانب سے اس آرڈر کی تصدیق کی گئی؛ اور

**جبکہ**، 2 دسمبر، 2021 کو، میں نے ایک آرڈر جاری کیا جس تمام غیر سرکاری اسکولوں کے عملے اور رضاکاروں کے لیے COVID-19 ویکسینیشنز درکار کی گئی تھیں؛ اور

**جبکہ**، نیو یارک سٹی چارٹر ("چارٹر") کی شق 558 کی پیروی میں، بورڈ آف ہیلتھ ان تمام معاملات اور موضوعات کو ہیلتھ کوڈ میں شامل کر سکتا ہے جن کی طاقت اور اختیار محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت ("محکمہ") کے پاس ہے؛ اور

**جبکہ**، چارٹر کی شق 556 اور ہیلتھ کوڈ کی شق 3.01(c) کی پیروی میں، محکمے کو اختیار حاصل ہے کہ قابلِ منتقلی امراض اور

ایسے حالات پر قابو کیے جانے کے عمل کی نگرانی کرے جو زندگی اور صحت کے لیے نقصان دہ ہوتے ہیں اور ایسے اقدامات کرے جو صحت عامہ کے برقرار رکھنے اور اس کا تحفظ کرنے کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہوں؛ اور

**جبکہ**، نیو یارک سٹی ایڈمنسریٹو کوڈ ("ایڈمنسٹریٹو کوڈ") کی شق 17-104 محکمے کو حکم دیتی ہے کہ COVID-19 جیسے متعدی امراض کی منتقلی کو روکنے کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کو اپنائے، اور ایڈمنسٹریٹو کوڈ کی شق 17-109(b) کے مطابق، محکمہ قابلِ منتقلی امراض کے پھیلاؤ کو مؤثر طور پر روکنے کے لیے ویکسینیشن کے اقدامات کو اپنا سکتا ہے؛ اور

**جبکہ**، ہیلتھ کوڈ کی شق 3.01(d) کی پیروی میں مجھے اختیار حاصل ہے کہ ایسے آرڈرز جاری کروں اور اقدامات کروں جن کو میں سٹی اور اس کے رہائشیوں کی صحت اور حفاظت کے لیے ضروری سمجھتا ہوں جبکہ کسی موجودہ خطرے سے صحت عامہ کے تحفظ کے لیے صحت عامہ کا کوئی فوری اقدام درکار ہو اور اِس شق کی پیروی میں صحت عامہ کی ہنگامی صورتحال کا نفاذ کیا گیا ہو؛ اور

**لہٰذا اب**، میں، Dave A. Chokshi, MD, MSc، کمشنر محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت، یہ معلوم ہونے پر کہ نیو یارک سٹی میں صحت عامہ کی ایک ہنگامی صورتحال جاری ہے، اور کہ سٹی اور اس کے رہائشیوں کی صحت اور حفاظت کے لیے لازمی ہے، بذریعہ ہذا بورڈ آف ہیلتھ کی طاقت کا استعمال کرتا ہوں تاکہ موجودہ ہنگامی صورتحال کو روکا جائے، کم کیا جائے، قابو میں کیا جائے اور ختم کیا جائے، اور بذریعہ ہذا یہ حکم جاری کرتا ہوں کہ:

1. 27 دسمبر، 2021 سے، کارکنوں کے لیے کام کی جگہ پر داخل ہونے سے پہلے COVID-19 کے خلاف ویکسینیشن کا ثبوت دائرہ کار میں آنے والی ہستی کو پیش کرنا لازمی ہو گا، اور دائرہ کار میں آنے والی ہستی کے لیے لازم ہو گا کہ جس کارکن نے یہ ثبوت نہ پیش کیا اس کو کام کی جگہ سے ہٹا دے، ماسوائے کہ جیسا پیراگراف 5 میں بیان کیا گیا ہے۔

2. دائرہ کار میں آنے والی ہستیوں کو کارکنوں کے ویکسینیشن کے ثبوت کی تصدیق کروانا ہو گی۔ دائرہ کار میں آنے والی ہستیوں کو یہ کرنا ہو گا:

a. ہر کارکن کے ویکسینیشن کے ثبوت کی ایک نقل اور، اطلاق ہونے کی صورت میں، (b)(iv) میں بیان کردہ معقول رعایت (رعایتوں) کا ایک ریکارڈ اپنے پاس سنبھال کر رکھیں؛ *یا*

b. ویکسینیشن کے اس ثبوت کا ریکارڈ یوں رکھیں کہ اس ریکارڈ میں یہ کچھ شامل ہو:

i. کارکن کا نام؛ اور

ii. آیا یہ شخص مکمل ویکسین یافتہ ہے یا نہیں؛ اور

iii. جو کارکن کسی دو خوراکوں والی ویکسین کی پہلی خوراک کا ثبوت جمع کروائے، اس کے متعلق، وہ تاریخ جب دوسری خوراک کا ثبوت فراہم کرنا لازمی ہے، جو کہ جب پہلی خوراک کا ثبوت جمع کروایا گیا تھا اس کے 45 دن سے زیادہ بعد کی نہیں ہونی چاہیے؛ اور

iv. جو کارکن کسی معقول رعایت کی وجہ سے COVID-19 ویکسینیشن کا ثبوت نہیں جمع کرواتا، اس کے متعلق ریکارڈ میں یہ نشاندہی ہونی چاہیے کہ ایسی رعایت فراہم کی گئی تھی، اور دائرہ کار میں آنے والی ہستی کو لازمی طور پر اس رعایت کی وجہ بیان کرتے ریکارڈز اور اس کارکن کی فراہم کردہ تائیدی دستاویزات علیحدہ سے سنبھال کر رکھنی ہوں گی؛ *یا*

c. کسی کارکن کو کام کی جگہ پر داخلے کی اجازت دینے سے پہلے ویکسینیشن کے ثبوت کی جانچ کریں اور اس تصدیق کا ریکارڈ سنبھال کر رکھیں۔

ایسے کارکن کے لیے جو ملازم نہ ہو، جیسے ٹھیکیدار، دائرہ کار میں آنے والی ہستی یہ درخواست کر سکتی ہے کہ درج بالا ریکارڈز سنبھال کر رکھے جانے کی جگہ اس کارکن کا آجر ویکسینیشن کے ثبوت کی تصدیق کر دے۔ دائرہ کار میں آنے والی ہستی کو اُس درخواست اور تصدیق کا ریکارڈ سنبھال کر رکھنا ہو گا۔

اس شق کے تحت تیار کیے گئے یا سنبھال کر رکھے گئے ریکارڈز کو خفیہ رکھا جائے گا۔

دائرہ کار میں آنے والی ہستی کو، سٹی کی کسی ایجنسی کی درخواست پر، اس شق کے تحت سنبھال کر رکھے جانے کے لیے درکار ریکارڈز، متعلقہ قانون کے مطابق، معائنے کے لیے دستیاب بنانے ہوں گے۔

3. 27 دسمبر، 2021 گزرنے سے پہلے، دائرہ کار میں آنے والی ہستی کو محکمے کی جانب سے فراہم کردہ ایک فارم پر اس آرڈر کے پیراگراف 2 کے تقاضوں کی تکمیل کی تصدیق کرنا ہو گی اور اس تصدیق کو ایک واضح مقام پر آویزاں کرنا ہوگا۔

4. اس آرڈر میں:

a. "دائرہ کار میں آنے والی ہستی" کا مطلب ہے:

i. ایک غیر سرکاری ہستی جس کے نیو یارک سٹی میں ایک سے زیادہ کارکنوں ملازم ہوں یا جس نے نیو یارک سٹی میں کام کرنے کی جگہ قائم کی ہوئی ہو؛ یا

ii. ذاتی کاروبار رکھنے والے کوئی فرد یا تنہا پیشہ ور خدمات فراہم کرنے والے فرد جو کسی کام کرنے کی جگہ پر کام کرتے ہوں یا اپنے کام کے سلسلے میں کارکنوں یا عوام کے ساتھ رابطے میں آتے ہوں۔

b. "مکمل طور پر ویکسین یافتہ" کا مطلب ہے کسی فرد کو فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن یا عالمی ادارۂ صحت کی جانب سے استعمال کے لیے منظورشدہ اور اجازت یافتہ COVID-19 کی صرف ایک خوراک درکار کرنے والی ویکسین کی خوراک لگنے، یا دو خوراک کی سیریز کی دوسری خوراک لگنے کے بعد کم از کم دو ہفتے گزر چکے ہوں، یا کوئی دیگر صورتحال جو کہ محکمہ کی جانب سے اس آرڈر سے منسوب رہنمائی میں معین کی گئی ہو۔

c. "ویکسینیشن کا ثبوت" کا مطلب ہے ان میں سے کوئی ایک دستاویز جو یہ ظاہر کرتی ہو کہ ایک فرد (1) COVID-19 کے خلاف مکمل طور پر ویکسین یافتہ ہیں؛ (2) COVID-19 کی ایک خوراک والی ویکسین کی ایک خوراک لگوا چکے ہیں؛ (3) COVID-19 کی دو خوراکوں والی ویکسین کی پہلی خوراک لگوا چکے ہیں، بشرطیکہ کہ فقط اس ایک خوراک کا ثبوت فراہم کرنے والے کارکن پہلی خوراک لگوانے کے 45 دن کے اندر اس ویکسین کی دوسری خوراک لگوانے کا ثبوت فراہم کریں:

i. CDC کا COVID-19 ویکسینیشن ریکارڈ کارڈ یا جہاں ویکسین لگائی گئی تھی اس علاقے، شہر، ریاست یا ملک کا باضابطہ ویکسینیشن ریکارڈ، یا کسی نگہداشت صحت فراہم کنندہ یا منظور شدہ امیونائزر جس نے ویکسین لگائی ہو کی جانب سے، جس میں اس شخص کا نام، ویکسین کا برانڈ اور لگوانے کی تاریخ فراہم کی گئی ہو۔ اس ریکارڈ کی ڈیجیٹل فوٹو یا فوٹو کاپی بھی قابلِ قبول ہے۔

ii. New York City COVID Safe ایپ میں ویکسینیشن ریکارڈ پایا جانا؛

iii. مؤثر معیاد کا حامل نیو یارک اسٹیٹ کا Excelsior Pass/Excelsior Pass Plus؛

iv. CLEAR Health Pass؛ یا

v. کوئی اور طریقہ جس کو کمشنر کی جانب سے ویکسینیشن کا ثبوت ظاہر کرنے کے لیے کافی قرار دیا گیا ہو۔

d. "کارکن"کا مطلب ہے وہ فرد جو نیو یارک سٹی میں کام کرنے کی کسی جگہ پر ذاتی موجودگی والا کام کرتے ہوں۔ کارکن میں شامل ہیں ذاتی کاروبار کے مالک فرد یا تنہا پیشہ ور خدمات فراہم کرنے والے فرد کے ساتھ ساتھ دائرہ کار میں آنے والی کسی ہستی کے عملے کے کل وقتی یا جزوقتی رکن، آجر، ملازم، اِنٹرن، رضاکار یا ٹھیکیدار۔

کارکن میں یہ شامل نہیں:

i. وہ فرد جو اپنے گھر سے کام کرتے ہوں اور جن کی ملازمت میں رفقائے کار یا عوام الناس کے ساتھ ذاتی موجودگی کے ساتھ رابطے میں آنا شامل نہ ہو؛

ii. وہ فرد جو کام کی جگہ پر مختصر طور پر اور محدود مقصد کے لیے داخل ہوں؛ یا

iii. سٹی سے باہر کے رہائشی جو عملی فنون کا مظاہرہ کرنے والے فنکار ہیں، کالج کے یا پیشہ ور کھلاڑی ہیں یا عملی فنون کا مظاہرہ کرنے والے ان فنکاروں یا کالج کے یا پیشہ ور کھلاڑیوں کے ساتھ آنے والے افراد ہیں جن کو Key to NYC پروگرام، ایمرجنسی ایگزیکٹیو آرڈر نمبر۔ 316 اور اس کے بعد کے آرڈرز کی پیروی میں ویکسینیشن کا ثبوت دکھانے کی ضرورت نہیں ہے۔

e. "کام کی جگہ" کا مطلب ہے ایسی کوئی بھی جگہ، بشمول کوئی گاڑی، جہاں کسی اور کارکن یا عوام الناس میں سے کسی فرد کی موجودگی میں کام کیا جاتا ہے۔

5. اس آرڈر میں موجود کسی بھی چیز کی تشریح طبی یا مذہبی وجوہات کی بنیاد پر دی جانے والی معقول رعایات سے انکار کے طور پر نہیں کی جانی چاہیے۔

6. اس آرڈر کا اطلاق دائرہ کار میں آنے والی ان ہستیوں یا افراد پر نہیں ہو گا جو پہلے ہی محکمہ کے/کی کمشنر، میئر یا اسٹیٹ یا وفاق کی کسی ہستی کے کسی دیگر آرڈر کے تابع ہوں جو کہ نافذ العمل ہو اور ان سے مکمل ویکسینیشن کا ثبوت سنبھال کر رکھنا یا فراہم کرنا درکار کرتا ہو یا ان افراد پر جن کو اس تقاضے کی پیروی میں معقول رعایت جاری کی گئی ہو۔

7. یہ آرڈر فوری طور پر نافذ العمل ہو گا، اور منسوخ کیے جانے تک نافذ العمل رہے گا، مشروط ہو گا بورڈ آف ہیلتھ کے اختیار کے تحت کہ وہ اس آرڈر کو ہیلتھ کوڈ کی شق 3.01(d) کی پیروی میں جاری رکھے، منسوخ کرے یا اس میں ترمیم کرے۔

تاریخ: <u>13 دسمبر، 2021</u>

Dave A. Chokshi, MD, MSc
کمشنر